سوال

(119) بعض مولوی نماز عید سے پہلے خطبہ بیان کرتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج کل بعض مولوی نماز عید سے پہلے خطبہ بیان کرتے ہیں۔ کیا نمازِ عید سے پہلے تلاوتِ قرآن کوئی وعظ، خطبہ اور نعت وغیرہ پڑھنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازِ عید سے پہلے خطبہ خلافِ سنت ہے۔ حدیث میں خطبہ نماز عید کے بعد آیا ہے، پہلے خطبہ پڑھنا مروان نے جاری کیا تھا۔ جس پر ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے سخت انکار کیا۔ ملاحظہ ہو مشکوۃ باب صلوۃ العیدین نعت یا تلاوت قرآن مجید یا پھر وعظ یہ سب خطبہ میں شامل ہیں۔

(فتاویٰ اہل حدیث جلد دوم ص ۳۹۵)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 197

محدث فتویٰ